جنت
کے خزانوں میں سے ایک خزانہ
ابو موسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
اے عبداللہ بن قیس (ابو موسی)! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے بارے میں نہ رہنمائی کروں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
اللہ کی توفیق و مدد کے بغیر گناہ سے بچنے کی طاقت اور کوئی نیکی کرنے کی قوت نہیں
(صحیح بخاری، 2992، 4202، 6409 صحیح مسلم، 2704)
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
حصن المسلم
اردو
HISNULMUSLIM

مریض پر دم کرنا

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ان کلمات) کے ذریعہ دم کرتے:

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ

تکلیف دور فرمادے، اے انسانوں کے پالنے والے، شفا تیرے ہی

الشِّفَاءُ لاَ كَاشِفَ لَهُ اِلَّا اَنْتَ

ہاتھ میں ہے، تیرے سوا اس تکلیف کو دور کرنے والا اور کوئی نہیں

(صحیح مسلم، کتاب السلام ، حدیث:5712)

بے چینی کے وقت کی دعا

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کرب کے وقت یہ دعا کرتے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللہ کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں عظمت والا، بردبار ہے، اللہ کے علاوہ کوئی
اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ
معبود برحق نہیں عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں،
السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ
آسمانوں کا رب ہے، اور زمین کا رب ہے، عرش کریم کا رب ہے

(صحیح بخاری، کتاب الدعوات، حدیث: 6346)

(صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء، حدیث: 6921)

نظر بد سے بچنے کی دعا

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے لیے پناہ طلب کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ تمہارے بزرگ دادا (ابراہیم علیہ السلام) بھی ان کلمات کے ذریعہ اللہ کی پناہ اسماعیل اور اسحاق علیہما السلام کے لیے مانگا کرتے تھے

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں اللہ کے کلمات تامہ کے ذریعے پناہ چاہتا ہوں ہر شیطان، زہریلے جانور اور ہر ضرر رساں نظر کے شر سے

(صحیح بخاری، کتاب احادیث الانبیاء، حدیث: 3371)

مصیبت پر صبر کر کے نعم البدل کی دعا

زوجہ نبی ﷺ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب کسی مسلمان بندے کو کوئی مصیبت آتی ہے اور وہ

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْهَا

یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ مجھے میرے اس صدمہ یا تکلیف کا اجر دے اور بدلے میں مجھے اس سے زیادہ بہتر دے

کہتا ہے تو اللہ اس کو اس کی مصیبت میں اجر دیتے ہیں، اور اس کا نعم البدل عطا کرتے ہیں۔

جب سیدنا ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کے حکم کے مطابق کہا تو اللہ نے میرے لئے سیدنا ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے بہتر (شوہر) رسول اللہ ﷺ عطا فرمائے۔

[مسلم، کتاب الجنائز، حدیث: 2127]

بری عادتوں
سے پناہ مانگنے کی دعا

زیاد بن علاقہ کے چچا قطبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ

اے اللہ! میں تجھ سے بری عادتوں، برے کاموں اور بری خواہشوں سے پناہ مانگتا ہوں

(سنن ترمذي، كتاب الدعوات، رقم الحديث: 3591 | قال الشيخ الألباني: صحيح)

جہنم کی آگ

سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَآئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ،

اے اللہ، جبرائیل و میکائیل اور اسرافیل کے رب!

اَعُوْذُبِكَ مِنْ حَرِّ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

میں جہنم کی آگ کی گرمی اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں

(سنن نسائي،كتاب الاستعاذة، رقم الحديث: 5521 | قال الشيخ الألباني: صحيح)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہنم کے عذاب اور عذاب قبر سے اکثر پناہ مانگتے تھے اور امت کو بھی یہی سکھایا، کیوں کہ آخرت میں انسان کا ٹھکانہ جنت یا جہنم ہو گا، پس جو جہنم میں چلا گیا وہ ہمیشہ کے لئے نقصان اور خسارے میں رہے گا

فقر، فاقہ، ذلت اور ظلم سے پناہ مانگنا

ابوہریرۃ ﷛ سے روایت کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡفَقۡرِ وَ الۡقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ

اے اللہ! میں فقر، قلت مال اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں

وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ اَنۡ اَظۡلِمَ اَوۡ اُظۡلَمَ

اور اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے

(سنن ابی داود، کتاب تفریع أبواب الوتر ، حدیث : 1544 علامہ البانی ﷬ نے صحیح کہا)

جب کوئی کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھے تو کیا کہے؟

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص کسی شخص کو مصیبت میں مبتلا دیکھے پھر کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے بچایا جس میں تجھے مبتلا کیا اور ان میں مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت عطا کی

تو اسے یہ بلا نہ پہنچے گی

(سنن ترمذی، کتاب الدعوات، حدیث: 3432 علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح کہا)

جنت میں شجر کاری

صحابی جلیل عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جس رات مجھے معراج کرائی گئی، اس رات میں ابراہیم علیہ السلام سے ملا، ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: اے محمد! اپنی امت کو میری جانب سے سلام کہہ دینا اور انہیں بتا دینا کہ جنت کی مٹی بہت اچھی (زرخیز) ہے، اس کا پانی بہت میٹھا ہے، اور وہ خالی پڑی ہوئی ہے اور اس کی باغبانی ان کلمات سے ہوتی ہے:

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَکْبَرُ

اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے — سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں — اللہ کے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں — اللہ سب سے بڑا ہے

(سنن ترمذی، کتاب الدعوات، حدیث: 3462 علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے حسن کہا)

وضاحت: یعنی: بندہ جتنی بار کلمات کو کہتا ہے، اتنے ہی درخت پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں۔

بخیلی اور کمزوری سے پناہ مانگنا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡبَخَلِ وَالۡهَرَمِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخیلی اور بڑھاپے سے

(سنن ابی داود، کتاب الحروف ولقراءات، حدیث : 3972 علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح کہا)

وضاحت: یعنی ایسی ضیعفی سے جس میں ہوش و حواس باقی نہ رہیں نہ عبادت کی طاقت رہے

مجلس میں کثرت کے ساتھ استغفار کرنا

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں ہم ایک مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سو(100) بار (نیچے کلمات)شمار کرتے تھے:

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ

اے میرے رب! مجھے بخش دے، میری توبہ قبول کر،

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے.

صحیح، سنن ترمذی(3434)، سنن ابی داود(1516)، سنن ابن ماجہ(3814)

HISNALMUSLIM.URDU

حصن المسلم اردو
HISNULMUSLIM

ہدایت اور سیدھی

راہ پر قائم رہنے کی دعا

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہہ:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ

یا اللہ! مجھے ہدایت عطا فرما اور سیدھا رکھ

[صحیح مسلم، کِتاب الذِکرِ وَالدُعاءِ وَالتَوبَۃِ وَالِاستِغفارِ، حدیث : 6911]

دنیا و آخرت کے فائدے اکٹھا کریں !!

رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور بولا: یا رسول اللہ! میں کیا کہوں جب اپنے رب سے مانگوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کہہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ

اے اللہ! مجھے معاف کردے، مجھ پر رحم فرما،

وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

مجھے عافیت دے، اور مجھے رزق دے۔

اور آپ ﷺ ان کلموں کو فرماتے وقت ایک ایک انگلی بند کرتے جاتے تھے تو سب بند کر لیں صرف انگوٹھا رہ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

یہ کلمے دنیا اور آخرت دونوں کے فائدے تیرے لیے اکٹھا کر دیں گے۔

[صحیح مسلم، کتاب الذکر، حدیث : 6851]

جہنم، دولت مندی اور فقر سے پناہ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعا مانگتے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ فِتۡنَةِ النَّارِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں جہنم کے فتنے

وَعَذَابِ النَّارِ وَمِنۡ شَرِّ الۡغِنٰی وَالۡفَقۡرِ

جہنم کے عذاب اور دولت مندی و فقر کے شر سے

[سنن ابی داود، کتاب تفریع أبواب الوتر، حدیث: 1543 علامہ البانی نے صحیح کہا]

دنیا و آخرت میں عافیت کی بہترین دعا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بندہ جو بھی دعا مانگتا ہے وہ اس دعا سے زیادہ بہتر نہیں ہو سکتی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْمُعَافَاةَ

اے اللہ ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

عافیت چاہتا ہوں

[سنن ابن ماجہ، کتاب الدعا، حدیث : 3851 وسندہ صحیح]

دنیاوی فتنوں اور عذاب قبر سے بچنے کی دعا

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کو یہ کلمات دعائیہ اسطرح سکھاتے تھے جیسے معلم بچوں کو لکھنا سکھاتا ہے اور فرماتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نماز کے بعد ان کلمات کے ذریعے اللہ کی پناہ مانگتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ

اے اللہ میں بزدلی سے تیری پناہ چاہتا ہوں،

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ

اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ مجھے

الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا

رذیل عمر کی طرف پھیر دیا جائے اور میں دنیاوی فتنوں سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

اور عذاب قبر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں.

صحیح بخاری، کتاب الجهاد والسیر، حدیث (2822)

گھر سے نکلتے وقت ذکر

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ پر بھروسا کیا اور اللہ کی مدد

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

کے بغیر نہ کسی چیز سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ کچھ کرسکنے کی قوت ہے

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر سے نکلے پھر کہے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت کہا جاتا ہے (یعنی فرشتے کہتے ہیں) کہ اب تجھے ہدایت دے دی گئی، تیری طرف سے کفایت کر دی گئی، اور تو بچا لیا گیا، (یہ سن کر) شیطان اس سے جدا ہو جاتا ہے، تو اس سے دوسرا شیطان کہتا ہے: تیرے ہاتھ سے آدمی کیسے نکل گیا کہ اسے ہدایت دے دی گئی، اس کی جانب سے کفایت کر دی گئی اور وہ (تیری گرفت اور تیرے چنگل سے) بچا لیا گیا.

اسنادہ حسن، سنن ابی داود: 5095، سنن الترمذی: 3426 علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح کہا

یہ دعا نبی ﷺ کی اس دعا سے ماخوذ ہے جو انہوں نے اپنے خادم انس رضی اللہ عنہ کو دی تھی.

اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالِيْ وَوَلَدِيْ

اے اللہ! میرے مال اور اولاد میں اضافہ فرما

وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَنِيْ

اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اس میں برکت عطا فرما

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تو اللہ کی قسم! میرا مال بہت ہے اور میرے بیٹے اور پوتے سو (**100**) سے زیادہ ہیں.

صحیح بخاری (**6379-6378**)، صحیح مسلم (**6376-6372**)

آسمان اور زمین

کے درمیان خلا کا نیکیوں سے بھرنا

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ

تو اپنے رب کا ذکر کثرت سے کر اور صبح شام اسی کی تسبیح بیان کرتا رہ

(سورۃ آل عمران، آیت 41)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سُبْحَانَ اللهِ اور **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ**

اللہ پاک ہے — سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

کہنا آسمان اور زمین کے درمیانی خلا کو نیکیوں سے بھر دیتا ہے

صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، حدیث (534)

ام سلیم رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: یا رسول اللہ (ﷺ)! انس آپ کا خادم ہے اس کے لیے اللہ سے دعا کیجئے. رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ

اے اللہ! اس کے مال و اولاد میں زیادتی کر

وَبَارِكْ لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتَهٗ

اور جو کچھ تو اسے دے اس میں برکت عطا فرما

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: تو اللہ کی قسم! میرا مال بہت ہے اور میرے بیٹے اور پوتے سو (100) سے زیادہ ہیں.

صحیح بخاری (6379-6378)، صحیح مسلم (6376-6372)

نفس کے لئے تقوی اور پاکیزگی طلب کرنا
اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ
اے اللہ! میرے نفس کو تقوی عطا کر اور اسے پاکیز بنا، تو ہی پاکیزہ بنانے
خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا
والوں میں سے بہتر ہے اور تو ہی اس کا مددگار اور مالک ہے
صحیح مسلم (6906)
URDU
گرافکس
سلامك
ISLAMIC GRAPHICS
HISNALMUSLIM.URDU
ISLAMICURDUGRAPHICS
URDUMAJLIS.NET
حصن المسلم
اردو
HISNULMUSLIM

والدین کے لئے پیاری قرآنی دعائیں

رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ

اے میرے پروردگار! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی بخش اور دیگر مومنوں کو بھی جس دن حساب ہونے لگے (سورۃ ابراہیم: 41)

رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِیۡ صَغِيۡرًا

اے میرے پروردگار ان پر ویسا ہی رحم کر جیسا انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی ہے

(سورۃ بنی اسرائیل: 24)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ایک نیک آدمی کا اللہ تعالی جنت میں ایک درجہ بلند کرتا ہے تو وہ پوچھتا ہے کہ اے اللہ! مجھے یہ درجہ کیوں ملا ہے؟ تو اللہ تعالی فرماتا ہے: تمہاری اولاد نے تمہارے لیے بخشش کی دعا کی ہے

سنن ابن ماجہ (3660) علامہ البانی نے صحیح الجامع میں اسے صحیح قرار دیا ہے (1617)

ہر قسم کے شر سے پناہ مانگنے کی دعا

فروہ بن نوفل اشجعی رحمہ اللہ سے روایت ہے، میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا دعا کرتے تھے اللہ سے؟ انہوں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ

یا اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برائی سے اس کام کی جو میں نے کیا اور جو میں نے نہیں کیا

[صحیح مسلم، كِتَاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، حدیث: 6895]

کرب و بے قراری کے وقت دعائیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

میں تمھیں وہ چیز نہ بتاوں اگر کسی پر کوئی مصیبت اور آزمائش آجائے تو وہ اسے پڑھے تو اسے اس سے نجات مل جائے گی وہ یونس علیہ السلام کی دعا ہے :

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِيْنَ

تیرے علاوہ کوئی (سچا) معبود نہیں، تو پاک ہے، یقیناً میں ہی ظالموں میں سے ہوں

صحیح، سنن ترمذی (3505) ،المستدرک للحاکم (1/505 ح 862)

اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ کلمات سیکھائیں تاکہ میں ان کو کرب کے وقت پڑھا کروں :

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

اللہ اللہ میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی چیز کو بھی شریک نہیں کرتا

اسنادہ حسن، سنن ابی داود (1525) ، سنن ابن ماجہ (3882)

صبح کے وقت ایک بہترین وظیفہ

ام المؤمنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ صبح سویرے ان کے پاس سے نکلے جب آپ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھی وہ اپنی نماز کی جگہ میں تھیں، پھر آپ ﷺ چاشت کے وقت لوٹے، دیکھا تو وہ وہیں بیٹھی ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: "تم اسی حال میں رہیں جب سے میں نے تم کو چھوڑا۔" سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا نے کہا: جی ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: "میں نے تمہارے بعد چار کلمے کہے تین بار اگر وہ تولے جائیں ان کلموں کے ساتھ جو تو نے اب تک کہے ہیں البتہ وہی بھاری پڑیں گے وہ کلمے یہ ہیں":

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ، وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ (3 مرتبہ)

اللہ تعالی پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، اپنی مخلوق کی تعداد کے برابر، اپنے نفس کی خوشنودی کے برابر، اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر

[صحیح مسلم، كِتَاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، حدیث: 6913]

ہر روز 1000 نیکیاں اور 1000 گناہ معاف

100 مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ

اللہ پاک ہے (ہر قسم کے عیوب سے)

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیا تم میں سے کوئی عاجز ہے ہزار نیکیاں ہر روز کرنے سے۔

ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھنے والوں میں سے پوچھا: کیونکر ہم سے کوئی ہزار نیکیاں کرے گا؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

سو (100) بار سُبْحَانَ اللّٰہِ کہے تو ہزار نیکیاں اس کے لیے لکھی جائیں گی اور ہزار گناہ اس کے مٹائے جائیں گے۔

صحیح مسلم، كِتَاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ (6852)

100 مرتبہ

قیامت والے دن بہترین عمل

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ

اللہ تعالیٰ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہے

صبح وشام

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
جو شخص صبح کو اور شام کو «سبحان اللہ وبحمدہ» سو (100) بار کہے قیامت کے دن اس سے بہتر کوئی عمل لے کر نہ آئے گا مگر جو اتنا ہی یا اس سے زیادہ کہے۔

صحیح مسلم، كِتَاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ (6843)

چار چیزوں سے اللہ کی پناہ

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں

ایسے دل سے جو ڈرتا نہ ہو

ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے

3 وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ

ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو

4 وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ

ایسے علم سے جو نفع نہ پہنچائے

1 2 3 4

أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعِ

میں ان چاروں چیزوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں

ترمذی (3482)، ابو داود (1549)، نسائی (5470)، علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح قرار دیا

دعائے ذوالنون

رسول اللہ ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا:

میں تمھیں وہ چیز نہ بتاؤں اگر کسی پر کوئی مصیبت اور آزمائش آجائے تو وہ اسے پڑھے تو اسے اس سے نجات مل جائے گی وہ یونس علیہ السلام کی دعا ہے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ

تیرے علاوہ کوئی معبود (سچا) نہیں، تو پاک ہے

اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

یقیناً میں ہی ظالموں میں سے ہوں

صحیح، سنن ترمذی (3505)، المستدرک للحاکم (505/1 ح 862)

مرغ اور گدھے کی آواز سنتے وقت ذکر

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب مرغ کی بانگ سنو تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کیا کرو، کیونکہ اس نے فرشتے کو دیکھا ہے اور جب گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔

دنیا و آخرت میں کامیابی کی ایک جامع دعا

اَللّٰهُمَّ اے میرے رب!

اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ،

میرے دین کو سنوار دے جو میری آخرت کے کام کا حافظ اور نگہبان ہے

وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ،

اور سنوار دے میری دنیا کو جس میں میری روزی اور زندگی ہے

وَاَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ،

اور سنوار دے میری آخرت کو جس میں میری بازگشت ہے

وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِیْ فِیْ كُلِّ خَیْرٍ،

اور کر دے زندگی کو میرے واسطے ہر بہتری میں زیادتی کا سبب

وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِیْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

اور کر دے موت کو میرے واسطے ہر ایک برائی سے راحت کا سبب

صحیح مسلم، کتاب: الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، حدیث (6903)

مجلس میں کثرت کے ساتھ استغفار

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں ہم ایک مجلس میں رسول اللہ ﷺ کے سو (100) بار (نیچے کلمات) شمار کرتے تھے:

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمِ

اے میرے رب! مجھے بخش دے، میری توبہ قبول کر، تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے.

صحیح، سنن ترمذی (3434)، سنن ابی داود (1516)، سنن ابن ماجہ (3814)، مسند احمد (4726, 5564)

مریض کو دم کرنے کی دعا

نبی کریم ﷺ جب کسی مریض کے پاس جاتے تو اپنا دایاں ہاتھ اس کے جسم پر پھیرتے اور یہ کلمات کہتے:

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا

اے سب لوگوں کے پروردگار! اس بیماری کو دور فرمادے اور (اس مریض کو) شفا عطا فرما کیونکہ تیرے سوا کسی کے پاس شفا ہے ہی نہیں، ایسی شفا جو بیماری کا خاتمہ کردے.

صحیح بخاری (5743) صحیح مسلم (2191)

دن میں 100 مرتبہ

استغفار کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

(بعض اوقات) میرے دل پر بھی پردہ سا آجاتا ہے اور میں دن میں سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں

أَسْتَغْفِرُ اللهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اسی طرف توبہ کرتا ہوں

صحیح بخاری (6307)، صحیح مسلم (2702) واللفظ للبخاری،
صحیح بخاری میں 70 مرتبہ کہنے کا ذکر ہے

پاگل پن، جُذام، کوڑھ، برص اور ایڈز وغیرہ سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ

اے اللہ، میں تیری پناہ چاہتا ہوں، برص (پھلبہری)، جنون (دیوانگی)، کوڑھ اور ہر بری (اور مہلک) بیماری سے

(رواه أحمد (١٢٥٩٢) وأبوداود (١٥٥٤) والنسائي (٥٤٩٣) ، وصححه الألباني)

زوالِ نعمت سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ زَوَالِ نِعۡمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقۡمَتِكَ وَجَمِيۡعِ سَخَطِكَ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں نعمت کے زائل ہوجانے اور تیری عافیت کے منتقل ہوجانے سے، تیری گرفت کے اچانک آجانے اور تیری ہر قسم کی ناراضی سے

(صحیح مسلم، حدیث 2739)

بری تقدیر سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سخت مشقت سے، بدبختی کے لاحق ہونے، برے فیصلے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے

(صحیح بخاری، حدیث 6347)

سواری سے گرتے وقت کیا کہا جائے؟

بِسْمِ اللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ

اسنادہ صحیح، سنن ابی داود (4982)، السنن الکبری للنسائی (10388)

جادو، نظر بد اور حسد وغیرہ سے بچنے کی دعا (دم)

ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور فرمایا: اے محمد (ﷺ) کیا آپ بیمار ہیں؟ فرمایا: ہاں، تو جبریل علیہ السلام نے یہ دعا پڑھ کر آپ پر دم فرمایا تھا۔ (مسلم: 2186)

بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْكَ، مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللهُ يَشْفِيْكَ، بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْكَ

میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو تجھ کو تکلیف دے، ہر نفس کے شر سے، یا حسد کرنے والی نظر بد سے، اللہ تجھے شفا دے، اللہ کے نام کے ساتھ میں تجھ پر دم کرتا ہوں

شیطانی وساوس سے پناہ کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں، شیطان مردود سے، اس کے مغرور بنانے سے، اس کے تھوک سے اور اس کے چوکا لگانے سے

اسنادہ حسن، سنن ابی داود (764)، سنن ابن ماجہ (807)

غصہ کے وقت

سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا اور (قریب ہی) دو آدمی آپس میں گالی گلوچ کر رہے تھے کہ ایک شخص کا منہ سرخ ہو گیا اور گردن کی رگیں پھول گئیں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ایک ایسا کلمہ معلوم ہے کہ اگر یہ شخص اسے پڑھ لے تو اس کا غصہ جاتا رہے گا، فرمایا: «أعوذ باللہ من الشیطان» تو اس کا غصہ جاتا رہے گا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے

صحیح بخاری (6115)، صحیح مسلم (2610)

نماز یا قرآن پڑھتے ہوئے وسوسہ آنے پر دعا

عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! شیطان میری نماز اور قرات کے درمیان حائل ہوتا اور مجھ پر نماز میں شبہ ڈالتا ہے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا وہ شیطان ہے جسے خزب کہا جاتا ہے جب تو ایسی بات محسوس کرے تو اس سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کر اور اپنے بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دیا کر پس میں نے ایسے ہی کیا تو شیطان مجھ سے دور ہوگیا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے

(تین مرتبہ اپنے بائیں طرف تھوکنے کا اشارہ کرے)

(صحیح مسلم 2203)

ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی اور مخلوق سے بے نیازی کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

یا اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی، اور تونگری (مخلوق سے بے نیازی) کا سوال کرتا ہوں

(صحیح مسلم: 2721)

گھبراہٹ کے وقت کیا کہا جائے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں

صحیح بخاری (3346)، صحیح مسلم (2880)

قبروں کی زیارت کی دعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ (وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِيْنَ) اَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

ان گھروں میں رہنے والے مومنوں اور مسلمانوں تم پر سلام ہو، اور یقیناً ہم اگر اللہ نے چاہا تو تم سے ملنے والے ہیں، (اللہ تعالی ہم میں سے پہلے آنے والوں اور بعد میں آنے والوں پر رحم فرمائے)، میں اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتا ہوں

(صحیح مسلم، 974، 975 ببعض الاختلاف)

چھینک کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کیلئے ہے

یَرْحَمُكَ اللّٰہُ

اللہ تم پر رحم کرے

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ

اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمھارا حال درست کرے

صحیح بخاری: حدیث 6224

چڑھائی اور اترائی سے متعلق اذکار

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم اونچی جگہ چڑھتے تو اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے اور جب نیچے اترتے تو سُبْحَانَ اللّٰہِ کہتے۔

صحیح بخاری (2993،2994)

إِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلَهٗ مَآ اَعْطٰى، وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

یقیناً اللہ ہی کیلئے ہے جو اس نے لے لیا، اور اسی کیلئے ہے جو اس نے عطا کیا، اور ہر چیز اس کے پاس ایک مقررہ مدت کے ساتھ ہے، تم صبر کرو اور ثواب کی امید رکھو

صحیح بخاری (7377)، صحیح مسلم (923) ببعض الإختلاف

HisnAlmuslim.URDU | islamicUrduGraphics

اللہ تعالیٰ کے دو محبوب کلمے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دو کلمے زبان پر ہلکے پھلکے ہیں (لیکن) میزان میں انتہائی وزنی اور اللہ تعالیٰ کو ازحد محبوب ہیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ
سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ

پاک ہے اللہ اپنی خوبیوں سمیت
پاک ہے اللہ بہت عظمت والا

(صحیح بخاری: 6682)

HisnAlmuslim.URDU | islamicUrduGraphics

ناپسندیدہ واقعہ یا بے بسی کی دعا

قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَآءَ فَعَلَ

اللہ تعالی نے اسے تقدیر میں لکھ دیا تھا اور جو چاہا کیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اور طاقتور مومن کمزور مومن سے بہتر اور اللہ کے ہاں پسندیدہ ہے، اور ہر ایک میں بھلائی ہے، جو چیز تجھے نفع دے اس کی حرص کرو، اللہ سے مدد مانگتے رہو، عاجز نہ بنو، اور اگر تجھے کوئی نقصان وہ معاملہ پہنچے تو یہ مت کہو، اگر میں اس طرح کرتا تو اس طرح ہو جاتا، لیکن یہ کہو، اللہ تعالی نے اسے تقدیر میں لکھ دیا تھا اور جو چاہا کیا، کیونکہ اگر شیطان کے عمل کا دروازہ کھولتا ہے۔ (صحیح مسلم: 2664)